پارٹ | 01

قادیانی کردار

مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر01** | سیرت وکردار کا کیا مطلب ہے؟

جواب: زندگی گزارنے کے طریقے کو سیرت اور انسان کی وہ پختہ عادات جن کا تعلق معاشرے سے ہو اسے کردار کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر02** | کسی انسان کے سیرت وکردار پہ بات کیوں کی جاتی ہے؟

جواب: اس انسان کی زندگی میں موجود سچ ، جھوٹ ، صحیح وغلط کو سامنے لانے کے لیے۔

۞ **سوال نمبر03** | مرزا قادیانی کے کردار پہ بات کیوں کی جاتی ہے؟

جواب: تا کہ مرزا قادیانی کی زندگی کا وہ حصہ جو عوام کے سامنے نہیں، واضح کیا جا سکے اور عوام خود سچ وجھوٹ کا فیصلہ کر سکے۔

۞ **سوال نمبر04** | مرزا قادیانی کا کردار ہمیں کیسے معلوم ہوا؟

جواب: مرزا قادیانی کے بیٹے کے ذریعے، کیونکہ اس نے اپنے باپ کے متعلق ایک کتاب لکھی" سیرت المہدی" جس میں مرزا قادیانی کے کردار پر بات کی ہے۔

۞ **سوال نمبر05** | سیرت المہدی کس نے لکھی؟

جواب: مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا بشیر احمد ایم ۔اے نے لکھی۔

۞ **سوال نمبر06** | سیرت المہدی کیسے لکھی گئ؟

جواب: بشیر احمد ایم ۔اے نے مرزا قادیانی کے قریب وقت گزارنے والوں سے مرزا قادیانی کے حالات وواقعات

کو جمع کر کے اس کتاب کو لکھا۔

۞ **سوال نمبر 07** | سیرت المہدی کتاب کب لکھی گئی؟

جواب: سیرت المہدی کتاب مرزا قادیانی کے مرنے کے بعد 1923ء میں لکھی گئی۔

۞ **سوال نمبر 08** | مرزا قادیانی کا کوئی جھوٹ بیان کریں؟

جواب: مرزا قادیانی کے بہت سے جھوٹوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے لوگوں سے پچاس کتابوں کے پیسے لیے اور صرف پانچ کتابیں لکھیں اور کہا کہ 5 اور 50 میں صرف نقطے کا فرق ہے۔

۞ **سوال نمبر 09** | مرزا قادیانی کی 10 میں سے کوئی ایک جھوٹی پیشن گوئی بیان کریں؟

جواب: مرزا قادیانی کی بہت سی جھوٹی پیشن گوئیوں میں سے ایک یہ ہے مرزا قادیانی نے کہا کہ محمدی بیگم سے میری شادی ضرور ہوگی کوئی بھی طاقت اس کو نہیں روک سکتی لیکن ساری زندگی مرزا قادیانی کی محمدی بیگم سے شادی نہ ہو سکی۔

۞ **سوال نمبر 10** | کیا مرزا قادیانی گالیاں دیتا تھا؟

جواب: مرزا قادیانی بہت بڑی اور گندی گالیاں دیا کرتا تھا جن کو یہاں بیان کرنا مناسب نہیں۔

۞ **سوال نمبر 11** | مرزا قادیانی گالیاں کیوں دیتا تھا؟

جواب: جو بھی مرزا کے سامنے حق و سچ بات کرتا تھا مرزا قادیانی اس کو گالیاں دے کر خاموش کروانے کی کوشش کرتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 12** | کیا مرزا قادیانی دھوکہ بھی دیتا تھا؟

جواب: مرزا قادیانی کبھی تو لوگوں کو دھوکہ دے کر ان سے پیسے لے لیتا تھا اور کبھی یہ کہہ کر کہ میں اسلام کی خدمت کر رہا ہوں ان کا ایمان لوٹ لیتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 13** | کیا مرزا قادیانی دوسرے لوگوں کی عزت پہ نظر رکھتا تھا؟

جواب: مرزا قادیانی لوگوں کی عزت پہ نظر بھی رکھتا تھا اور اشتہار چھاپ کر ان کی عزتوں کو خراب بھی کرتا تھا جیسے محمدی بیگم کے متعلق مرزا نے اشتہار شائع کیے۔

۞ **سوال نمبر 14** | کیا شریف انسان غیر عورتوں سے خدمت کرواتا ہے؟

جواب: شریف انسان تو ایسا سوچ بھی نہیں سکتا کیونکہ غیر عورتوں سے اپنی خدمت کروانا بہت بڑا گناہ اور فحش بات ہے۔

سوال نمبر 15 | مرزا قادیانی کی خدمت کرنے والی عورتوں کے نام کیا تھے؟

جواب: بھانو، ڈاکٹرنی، منشیانی، مائی رسول بی بی، اہلیہ بابوشاہ دین، زینب۔

سوال نمبر 16 | مرزا قادیانی کے فرشتوں کے نام بتائیں؟

جواب: ٹیچی ٹیچی، خیراتی، مٹھن لال، درشنی۔

سوال نمبر 17 | کیا فرشتوں کے ایسے نام ہوسکتے ہیں؟

جواب: یہ شیطانوں کے نام تو ہوسکتے ہیں لیکن فرشتوں کے نہیں۔

سوال نمبر 18 | مرزا قادیانی کے مطابق اس کو وحی کس کس زبان میں آتی تھی؟

جواب: اردو، پنجابی، انگلش، میتھ، فارسی اور ایسی زبانوں میں بھی آتی تھی کہ مرزا قادیانی کو سمجھ ہی نہیں آتی تھی۔